www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


تذکرۂ مشاہیر اسعد گیلانی

## سرفروش مجاہد

# شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

پورا نام : شاہ محمد اسمٰعیل

والد کا نام : شاہ عبدالغنی

مقام پیدائش : دہلی

تاریخ پیدائش : ۱۲/ربیع الاول ۱۱۹۳ھ بمطابق ۲۶/اپریل ۱۷۷۹ء۔

آپؒ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے پوتے تھے۔ گویا اس خاندان سے تعلق تھا۔ جو علم وفضل کا سرچشمہ تھا۔

چنانچہ تعلیم کی ابتدا گھر سے ہی ہوئی۔ آٹھ سال کی عمر میں ہی قرآنِ مجید حفظ کر لیا تھا۔ دس برس کی عمر میں باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا تو فاضل اور بزرگ چچا شاہ عبدالقادر دہلویؒ نے آغوشِ محبت میں لے لیا۔ انہی سے دینی علوم حاصل کئے۔ ۱۵،۱۶ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہو گئے۔ ابتدا سے ہی انتہائی ذہین، زود فہم اور سلیم الطبع تھے۔ ان کی ذہانت کی دھوم تھی۔ آپ کو تاریخ اور جغرافیہ کے علوم سے خصوصی دلچسپی تھی۔

شاہ صاحبؒ کو فنونِ جنگ سے بھی بہت لگاؤ تھا۔ گھوڑے کی سواری کی بہت مشق پیدا کی تھی۔ بنوٹ، پٹے بازی، تیراکی جو اس وقت بھی علماء کے درجے سے کم تر کام سمجھے جاتے تھے۔ انھوں نے محنت اور ذوق وشوق سے سیکھے۔ گولی چلانے کی اتنی استعداد پیدا کی کہ چھوٹے چھوٹے پرندوں تک کو گولی سے گرا لیا کرتے تھے۔ جھلستی دھوپ اور کڑکتے جاڑوں کی برداشت کی قوت پیہم مشق سے فراہم کی۔

عمر اور علم کی پختگی کے ساتھ ہی تقاریر کا سلسلہ شروع کر دیا۔ جن کا مقصد مسلمان معاشرے کو جو شرک و بدعت اور رسوم ورواج جاہلانہ کا مرقع بنا ہوا تھا۔ اصلاح کی

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



دعوت دینا تھا۔ اس کا نتیجہ ظاہر ہے وہ سب لوگ جو اعتدال کی راہ سے ہٹ کر اپنے اپنے اڈوں پر اپنے مخصوص طرزِ فکر اور معتقدات کا جال بچھا کر جاہل مسلمانوں کو لوٹ کھسوٹ رہے تھے، پنجے جھاڑ کر ان کے پیچھے پڑ گئے، طرح طرح کے شوشے چھوڑے جاتے اور سوالات اٹھائے جاتے لیکن شاہ صاحب توحیدِ خالص کی طرف بے لاگ دعوت دیتے رہے اور جاہلانہ سوالات کے بھی نہایت حکمت سے جواب دے کر دلوں کے کانٹے نکالتے رہے۔ اس لیے کہ فہمِ دین اور علمِ دین میں ان کی ٹکر کا کوئی آدمی نہ تھا اور انسان جب حق کی طرف بلا رہا ہو تو خود حق اتنی بڑی قوت اور رعب ہوتا ہے کہ اس کے مقابلے میں وسوسے ٹھہر نہیں سکتے۔ جس طرح لوہے کی تلوار کا مقابلہ بیسے کی سلاخ سے ممکن نہیں اسی طرح بے غرضی کا مقابلہ خود غرضی سے اور اخلاص کا مقابلہ ریاکاری سے کرنا ممکن نہیں ہے۔ جس جسم میں اخلاص کا جوہر ہو اُسے کوئی تلوار کاٹ نہیں سکتی۔

ایک غیر شعوری کیفیت کے تحت شاہ صاحبؒ اپنے آپ کو ایک ایسی تحریک کے لیے تیار کر رہے تھے جو دماغی اور جسمانی صلاحیتیں دونوں ان سے طلب کرنے والی تھی۔ وہ نہیں جانتے تھے کہ علماء کے خاندان میں پیدا ہو کر انہیں سپاہ گری کا شوق کیوں تھا۔ اور آرام کے مقابلے میں مشقت کیوں عزیز تھی۔ لیکن ان کا وجدان ان سے جس چیز کا مطالبہ کرتا رہا وہ اس کی تیاری میں مصروف رہے۔

وہ ایک عظیم دینی تحریک کے ساتھ مل کر اس کا دل و دماغ بننے والے تھے۔

اسی دوران میں انھوں نے پنجاب کا سفر کیا۔ پنجاب سے سکھوں کے مظالم کی داستانیں چھن چھن کر آ رہی تھیں۔ وہاں مسلمان اکثریت پر سکھوں کی ایک سفاک جمعیت حاوی ہو گئی تھی۔ جس نے لوٹ مار اور ظلم و ستم کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ شاہ صاحب بچشمِ خود ان حالات کا جائزہ لینا چاہتے تھے۔ جن حالات میں مظلوم مسلمان مردوں اور عورتوں اور بچوں کی امداد کے لیے جہاد کی تلوار اٹھانا ضروری ہو جاتا ہے۔ چنانچہ مرزا حیرت دہلوی کی روایت کے مطابق انھوں نے پورے پنجاب کا دورہ کیا، اور مسلمانوں کی بے بسی اور سکھوں کے مظالم کو اپنی آنکھوں



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



سے دیکھا۔ اسی وقت سے ان کے دل میں جہاد کا جذبہ بھڑکنے لگا تھا اور انھوں نے محسوس کیا تھا کہ آغازِ کار کے لیے امداد کے سب سے پہلے مستحق یہ پنجاب کے مظلوم مسلمان ہی تھے۔ جس طرح غیر حق میں سب سے پہلے تلوار کے مستحق یہ ظالم سکھ ہی تھے۔

واپسی پر انھوں نے اور مولانا عبدالحی صاحب نے سیّد احمد شہید کی بیعت کر لی اس لیے کہ انھوں نے دیکھ لیا کہ جس مجاہدانہ اضطراب میں وہ مبتلا تھے اس پر اضطرابِ سفر کے لیے اس منزل کا راہنما یہی شخص تھا۔ یہ پہلے دو ساتھی تھے جو سیّد احمد شہیدؒ کو میسّر آئے اور یہ اس خاندان کے چشم و چراغ تھے جو مسلمانوں کے اندر علمِ دین کی پہاڑی کے چراغ تھے۔ ان کی رفاقت نے اس پیری اور مریدی کے رسمی سلسلے کو ایک تحریک۔ احیائے دین کی شکل میں بدل دیا اور وہ عزائم کھل کر سامنے آنے لگے جو مدتوں سے دلوں کی بستیوں کے مکین تھے۔

اس کے بعد تبلیغی دوروں کا ایک طویل سلسلہ شروع ہو گیا۔ جن میں شاہ صاحب ہی اکثر دین کا خالص مفہوم، دعوتِ حق کے تقاضے اور توحیدِ خالص کو نکھار کر عوام کے سامنے پیش کرتے رہے۔ عموماً ہر جگہ شاہ صاحب نے عوام میں اور مولانا عبدالحی صاحب نے خواص میں دعوتِ حق کو پھیلایا اور جو باتیں حجروں کے اندر چھپ کر کہتے ہوئے بھی لوگوں کا زہرہ آب ہوتا تھا۔ اب وہ بازاروں میں کہی جانے لگیں۔ اور گلیوں میں پکاری جانے لگیں اور ہر صاحب گوش نے محسوس کیا کہ کرنے کا کام وہی تھا جس کی طرف اللہ کے یہ بندے دعوت دے رہے تھے۔

بعض علماءِ سُوء نے حج کی عدمِ فرضیت بوجہ خطراتِ جان کا فتویٰ دیا تو شاہ صاحب نے اپنے علم کی قوت سے اُسے ردّ کیا اور عمل کی قوت سے سید صاحب کے ساتھ فریضۂ حج ادا کر کے اس کی ناقابلِ تنسیخ فرضیت کو ثابت و قائم کر دیا۔

حج سے واپسی کے بعد وہ مسلسل دعوتِ جہاد کے لیے وقف ہو گئے اور بالآخر ۱۷ جنوری ۱۸۲۶ء کو انہوں نے گھر بار اہل و عیال سب کچھ چھوڑ کر جہاد کے لیے ہجرت کی راہ اختیار کی۔ تپتے صحراؤں اور سنگلاخ چٹانوں پر سے گزرتے

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



ہوئے وہ سب سے پہلے قافلے کے ساتھ سرحد پہنچے اور ۲۰ دسمبر ۱۸۲۶ء کو جہاد کا آغاز کیا۔

انہوں نے سرحد کے مسلمانوں اور سرداروں کو سید صاحب کے ہاتھ پر بیعت کر کے جہاد میں شرکت پر آمادہ کیا اور مسلسل یہ خدمت انجام دیتے رہے انھوں نے بار بار جہاد کی صفِ اوّل میں شرکت کی اور قبائے علم میدانِ جہاد کی گولیوں سے چھلنی ہوتی رہی۔ ان کی جو انگلی جہاد میں اللہ کی راہ میں زخمی ہوئی وہ اسے ہمیشہ انگشتِ شہادت کہتے رہے۔ انھوں نے اپنے امیر کی رفاقت میں مسلسل انیس ۱۹ جنگوں میں شرکت کی۔ پیہم اللہ کی راہ میں جان و مال کو قربان کیا۔ مصائب برداشت کئے اور ہنسی خوشی اپنی وہ مضطرب روح اپنے مالک کے حضور نذر کر دی۔ جسے وہ اس دن کے لیے، لیے لیے پھرتے رہے۔ جو دن ۶ مئی ۱۸۳۱ء کو بالاکوٹ کے میدان میں پیش آیا۔

ان کی پیشانی میں گولی لگی تھی، ان کی ڈاڑھی خون سے تر تھی اور وہ کہتے ہوئے گولیوں کی بوچھاڑ میں آگے بڑھتے چلے گئے کہ میں تو وہیں جاتا ہوں جہاں امیر المومنین ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان کی مبارک قبر کو رحمت سے بھر دے اور ان کی پامال کردہ راہِ حق پر قافلوں کو رواں دواں رکھے۔ آمین۔

---

## احباب توجہ فرمائیں!

★ خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں ورنہ تعمیل نہ ہو سکے گی۔

★ واضح رہے کہ محدث میں مطبوعہ مضامین شائع نہیں ہوتے۔

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ